# ہم ایمان رکھتے ہیں

# رسُولوں کا عقیدہ

(Apostolic Creed)

**Urdu Edition 2021**
Copyright © Reformed by TRUTH
www.Reformedbytruth.com



This illumination from a 13th-century manuscript shows the apostles writing the Creed, receiving inspiration from the Holy Spirit.

Presented
**By**
**Reformed by TRUTH**

صرف ذاتی اور نجی استعمال کے لیے نقل کی اجازت ہے، فروخت کے لیے نہیں۔

Attribution-NonCommercial-ShareAlike 4.0 International

# رسُولوں کا عقیدہ

## (Apostolic Creed)

**پسِ منظر:**

رسُولوں کا عقیدہ مسیحی ایمان کا ایک قدیم اور اہم خلاصہ ہے جو ابتدائی کلیسیا کی تعلیمات کی بنیاد پر تیار ہوا۔ اگرچہ اسے براہِ راست رسولوں کی لکھی ہوئی تحریر نہیں سمجھا جاتا، لیکن اس کے مضامین رسولوں کی دی ہوئی تعلیمات اور بائبلی عقائد پر مبنی ہیں۔ یہ عقیدہ دوسری صدی عیسوی کے قریب ابتدائی مسیحی برادری میں ایمان کے اقرار کے طور پر استعمال ہوتا تھا اور بعد میں پوری کلیسیا میں رائج ہو گیا۔

رسُولوں کا عقیدہ خدا کی وحدانیت، یسوع مسیح کی پیدائش، موت، قیامت، آسمان پر صعود، روح القدس، کلیسیا، گناہوں کی معافی اور ابدی زندگی جیسے بنیادی مسیحی عقائد کو بیان کرتا ہے۔ اس کا مقصد ایمانداروں کو اپنے ایمان کو مختصر اور واضح الفاظ میں سمجھنے اور بیان کرنے میں مدد دینا ہے۔

اہم ماخذ:

- مقدس بائبل (خصوصاً متی 19:28، 1 کرنتھیوں 3:15-4، اور افسیوں 4:4-6)
- ابتدائی کلیسیا کی روایات اور ایمان کے اقرار کی تحریری شہادتیں (دوسری تا چوتھی صدی عیسوی)
- کلیسیائی تاریخ کے مستند مطالعے

# رسُولوں کا عقیدہ

میں ایمان رکھتا ہوں خُدا قَادِرِ مُطْلَق باپ پر، جس نے آسمان اور زمین کو پیدا کیا.

اور اُس کے اِکلوتے بیٹے ہمارے خُداوند یسوع مسیح پر جو رُوح القدس کی قدرت سے پیٹ میں پڑا. کنواری مریم سے پیدا ہوا. پُنطیُس پِیلاطُس کی حکومت میں دُکھ اُٹھایا، مصلوب ہوا، مرگیا اور دفن ہوا (عالم ارواح میں اُترگیا). تیسرے دن مُردوں میں سے جی اُٹھا. آسمان پر چڑھ گیا اور خُدا قَادِرِ مُطْلَق باپ کی دہنی طرف بیٹھا ہے جہاں سے وہ زندوں اور مُردوں کی عدالت کرنے کو آئے گا.

میں ایمان رکھتا ہوں رُوح القدس پر، پاک کُل کلیسیا پر، مقدسوں کی رفاقت، گناہوں کی معافی، جسم کے جی اُٹھنے اور ہمیشہ کی زندگی پر. آمین۔

---